Securities and Exchange Commission of Pakistan

# Press Release

August 10, 2018
For immediate release

## ایس ای سی پی نے موٹر تھرڈ پارٹی انشورنس کے تحت کلیم کی رقم پانچ لاکھ روپے کرنے کی سفارش کر دی

اسلام آباد(10 اگست )سکیورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان نے موٹر تھرڈ پارٹی لائیبیلٹی انشورنس سکیم کے بہتر انداز میں عمل درآمد کو یقینی بنانے کے لئے موٹر وہیکل ایکٹ 1939 میں ترامیم تجویز کیں ہیں۔ایس ای سی پی نے اس سکیم کے تحت ٹریفک حادثات میں ہلاک ہونے والوں کے لئے انشورنس کلیم کی رقم بھی بیس ہزار روپے سے بڑھا کر پانچ لاکھ روپے کرنے کی تجویز دی ہے

موٹر وہیکل ایکٹ 1939 کے مطابق تمام موٹر وہیکل مالکان کے لئے لازمی ہے کہ وہ اپنی گاڑی/ کار کی تھرڈ پارٹی لائیبیلٹی انشورنس کروائیں تاکہ حادثہ کی صورت میں حادثہ کا شکار ہونے والے یا اس کے قانونی ورثاء کی انشورنس کی رقم کی ادائیگی سے مدد کی جاسکے۔اس قانون کے تحت حادثے میں زخمی یا ہلاک ہونے کی صورت میں انشورنس کے ذریعے معاوضہ کی حد بیس ہزار روپے ہے جو کہ انتہائی ناکافی ہے اور اس میں اضافہ کی ضرورت ہے۔

اس کے علاوہ، موجودہ قانون میں حادثے کی صورت میں نقصان کا تعین عدالتی کارروائی کے ذریعے کیا جاتا ہے جو کہ ایک طویل اور مہنگا طریقہ کار ہے اور انشورنس کے دعوی داروں کے لئے مشکل ہوتا ہے۔انشورنس کے دعویٰ کے حصول کو آسان بنانے کے لئے ایس ای سی پی نے تجویز کیا ہے کہ حادثے کی صورت میں زخمی یا ہلاک ہونے والوں کو بغیر کسی قانونی کارروائی اور اس بات کا تعین کئے بغیر کہ حادثہ میں ان کی غلطی تھی یا نہیں، انشورنس کی رقم کی ادائیگی کر دی جائے۔

مزید برآں، جسمانی طور پر زخمی ہونے کی صورت میں انشورنس کلیم کی حد میں اضافے کے لئے لئے قانون میں ایک شیڈول شامل کرنے کی تجویز بھی دی گئی ہے۔ایس ای سی پی کی جانب سے ایکٹ میں تجویز کردہ ترامیم کا مسودہ عوامی مشاورت کے لئے ایس ای سی پی کی ویب سائٹ پر فراہم کر دیا گیا ہے۔ دلچسپی رکھنے والے افراد و شراکت دار تجویز کردہ ترامیم پر تیس دن کے اندر کمیشن کو اپنی آراء سے آگاہ کر سکتے ہیں۔ موصول ہونے والی تجاویز و آراء کی روشنی میں ترامیم کے مسودے کو حتمی شکل دی جائے گی۔ مسودہ قانون پر انشورنس ایسوی ایئشن آف پاکستان (آئی اے پی)، غیر حیاتی بیمہ اور بیمہ بروکرز کے ساتھ بھی مشاورت کی جائے گی۔

NIC Building, 63 Jinnah Avenue,
Islamabad, Pakistan
PABX: +92-51-9207091-4 Fax: +92-51-9218592, 9204915, Email: webmaster@secp.gov.pk, Website: www.secp.gov.pk